کنٹونمنٹ بورڈ مری گلیز کالا باغ

نیلام برائے پارکنگ سٹینڈ کنٹونمنٹ بورڈ مری گلیز کالا باغ کینٹ

عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ مری گلیز کالا باغ مندرجہ ذیل پارکنگ سٹینڈ کے حقوق وصولی فیس کی نیلامی برائے مدت (03) سال (مارچ 2025 تا فروری 2028) تک ہوگی، نیلامی مورخہ 25/02/2025 بوقت 11:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری گلیز کالا باغ چھاؤنی میں ہوگی جسکی تفصیل درج ذیل ہے۔

سیریل نمبر	تفصیل	زرضمانت (لاکھ)
1	شاہین مارکیٹ مری گلیز کالا باغ	01لاکھ روپے
2	لوہر بازار مری گلیز کالا باغ	01لاکھ روپے
3	سوزوکی سٹینڈز نزد مری گلیز کالا باغ	01لاکھ روپے
4	باڑا گلی شاپ مری گلیز کالا باغ	01لاکھ روپے

شرائط وضوابط

1۔ تمام بولی دہندگان بولی شروع ہونے سے پہلے زرضمانت بشکل پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر مری گلیز کالا باغ بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی (Updated NTN سرٹیفکیٹ) دفتر ہذا کی ریونیو برانچ میں بولی سے ایک دن پہلے جمع کروائے گا۔ اور اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے نیلامی میں حصہ لے گا تو وہ اس کی طرف سے اتھارٹی لیٹر مہیا کرے گا۔ بولی میں صرف بینک سے تصدیق شدہ CDR/ پے آرڈر والے بولی دہندگان حصہ لینے کے مجاز ہوں گے۔

2۔ بولی دہندگان شناختی کارڈ پر درج کوائف کے مطابق پے آرڈر/ بینک ڈرافٹ بشکل کال ڈیپازٹ بولی سے ایک دن پہلے جمع کرانے کے پابند ہونگے۔

3۔ بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ تمام حضرات کو کال ڈیپازٹ واپس کر دیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی کل رقم کا 1/4 حصہ موقع پر اُسی دن جمع کرانا ہوگا جو کہ آخری سال کے کرایہ/ ٹھیکہ کی رقم میں ایڈجسٹ کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ موقع پر 1/4 کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری گلیز کالا باغ ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندہ کو کامیاب بولی کی رقم جمع کروانے کا کہا جائے گا، اگر وہ بھی بولی کی رقم جمع کرانے میں ناکام رہا تو اس کا بھی زرضمانت ضبط کر لیا جائے گا۔ اور دیگر کم بولی دہندگان کا زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔

5۔ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 07یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل کرانا ہوگی، کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق ٹھیکہ کی متعلقہ سال کی رقم کا انکم ٹیکس ٹھیکہ کی منظوری کے 07دن کے اندر ایڈوانس میں جمع کرانے کا پابند ہوگا، سات دن کے اندر اندر تمام شرائط پوری نہ کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے 07 یوم کے اندر اندر پورے (03) سال کے ٹھیکہ کے Post dated چیک دفتر ہذا کو جمع کرائے گا۔

7۔ نیلامی 3 سال کے لیے ہوگی جس پر ہر سال 10 فیصد کے حساب سے اضافہ کیا جائے گا۔